CHAIRMAN'S REVIEW

I am pleased to present you the review on Annual Report of the Company for the year ended June 30, 2020. The Financial Year 2019-20 was one of the most challenging year for the Company. In earlier period of the year, demand for locally manufactured vehicles plunged sharply and afterwards pandemic of COVID-19 negatively impacted the overall economy including auto sector. Accordingly, on consolidated basis, the Agriauto Group witnessed a decline in its net sales which stands at Rs. 5,244 million. Group also incurred a loss after tax of Rs. 108 million for the year.

Despite these financial results, the Board has recommended a final cash dividend of 20% i.e. Rs. 1.0/- per share for approval from members at the Annual General Meeting.

The emergence of COVID-19 has caused major disruptions to economic activity around the world including Pakistan. The country's economy demonstrated its worst performance in 68 years, posting a negative growth of 0.40% in FY 2019-20. The drop in domestic and global demand compounded the strain on the economy. Monetary and fiscal policy interventions, such as interest rate reduction, payroll financing, announcement of stimulus package, have been made to ensure liquidity to cushion growth and employment. On the fiscal front, weak collections and higher expenditure in 4QFY20 mainly due to COVID-19 related developments resulted in a fiscal deficit of 9.5% of GDP. Keeping in view the unprecedented economic situation, the federal budget 2020-21 was presented without imposing any new taxes.

Health and safety of the employee will remain the top priority of the management in addition to protect and safeguard the interests of its shareholders through capitalization on growth opportunities.

Your Company is committed to good Corporate Governance. I am pleased to report that the performance of the Board has been par excellence which has helped in effective steering of the Company during the year. The Board acknowledges its responsibility in respect of Corporate & Financial Reporting Framework. The Board is also cognizant of its strategic role in achieving the Company's key objectives and is focused on enriching the returns for its shareholders & other stakeholders and shall continue contributing through sustained supply of premium quality products to its valued Customers.

-Sd- through email

Yutaka Arae
Chairman

August 27, 2020

چیئرمین کا جائزہ

میں کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے ختم شدہ سال 30 جون 2020 کا جائزہ پیش کرتے ہوئے اظہار مسرت کرتا ہوں۔ مالیاتی سال 2019-20 کمپنی کا ایک انتہائی دشوار گزار ترین سال رہا- سال کے آغاز میں مقامی طور پر تیار کردہ گاڑیوں کی طلب میں تیزی سے کمی ہوئی اور بعد ازاں COVID-19 کی وباء نے مجموعی معیشت بشمول آٹو سیکٹر پر منفی اثرات مرتب کئے- لہذا مجموعی طور پر ایگری آٹو گروپ کی خالص فروخت میں تنزلی ہوئی جو کہ 5,244 ملین روپے رہی- سال کے دوران گروپ کا بعد از ٹیکس خسارہ 108 ملین روپے رہا-

ان تمام مالیاتی نتائج کے باوجود بورڈ نے 20 فیصد یعنی -/1.0 روپیہ فی حصص کے حساب سے نقد حتمی منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے جس کی منظوری سالانہ اجلاس عام میں ممبران سے لی جائے گی-

COVID-19 کے پھیلاؤ نے دنیا بھر بشمول پاکستان میں معاشی سرگرمیوں میں بڑا انتشار پیدا کیا- گزشتہ 68 سالوں میں اس سال معیشت کی کارکردگی بدترین رہی، یعنی FY 2019-20 میں 0.40 فیصد کی منفی نمو ہوئی- مقامی اور عالمی طلب میں کمی نے معیشت کو مزید تباہ حال کر دیا- مالی اور مالیاتی پالیسی اقدامات جیسے شرح سود میں کمی، اجرتی سرمایہ کاری، بحالی پیکیج کے اعلان شرح نمو میں بہتری اور روزگار میں روانیت کو یقینی بنایا- مالیاتی محاذ پر کمزور محصولات اور سال کے آخری سہ ماہی میں COVID-19 سے ملحقہ پیشقدمیوں کے نتیجے میں بلند اخراجات کی وجہ سے مالیاتی خسارہ GDP کا 9.5 فیصد ہو گیا- غیر معمولی معاشی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے پیش کردہ وفاقی بجٹ 2020-21 میں کوئی نئے ٹیکس عائد نہیں کئے گئے-

ملازمین کی صحت اور تحفظ کے علاوہ ترقیاتی مواقع میں سرمایہ جاتی اخراجات کے ذریعہ حصص یافتگان کے مفادات کا تحفظ اور حفاظت انتظامیہ کی اولین ترجیح رہے گی-

آپ کی کمپنی اچھے نظم وضبط کے لئے کوشاں ہے۔ میں یہ بتاتے ہوئے اظہار مسرت کرتا ہوں کہ رواں سال بورڈ کی کارکردگی انتہائی شاندار رہی جس کی وجہ سے آپ کی کمپنی کو موثر سمت میں رہنمائی میں مدد ملی۔ بورڈ ادارتی اور مالیاتی رپورٹنگ کے نظام کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری کو تسلیم کرتا ہے۔ بورڈ کمپنی کے بنیادی مقاصد کے حصول کے لئے اپنے کلیدی کردار کی اہمیت سے واقف ہے اور اس کی توجہ حصص یافتگان اور دیگر مستفیدان کو بہتر منفعت اور قابل قدر گاہکوں کو مسلسل اعلیٰ معیاری مصنوعات فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔

-Sd- through email

یوٹا کا آرائے

چیئرمین

27 اگست 2020